# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: دیانت داری | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، غبارے، نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ کی پرچیاں، پانچ آئس کریم اسٹکیں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔ مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔
- درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ 20)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 84 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "خوش گوار" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے

بقیہ الفاظ پر بھی کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی "خوبصورت" لکھ دیں۔

- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو الفاظ " قہقہے لگانا، نِگاہ، چُمکارنا، اعتراف، ایثار، توفیق، مُتاثر " پر مشتمل پرچیاں دیں۔ ایک گروہ کے پاس ایک لفظ کی پرچی ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں، ان کے معانی سوچیں اور ان سے متعلق جملے سوچیں۔
اب دس غبارے، جن پر الفاظ " قہقہے لگانا، نِگاہ، چُمکارنا، اعتراف، ایثار، توفیق، مُتاثر " کے معانی اور چار پر کچھ دوسرے الفاظ لکھے ہوں، کمرہ جماعت میں ایک طرف فرش پر چھوڑ دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلالیں۔ ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ کی پرچی آئی ہے، اس کے معانی پر مبنی غبارہ تلاش کریں اور پھر واپس آکر اپنی نشستوں پر بیٹھ جائیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی بچے کو موقع نہ دیں۔ جو بچے مقررہ وقت میں مطلوبہ غبارہ تلاش نہ کرپائیں، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائیں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں الفاظ، دوسرے میں معانی اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ "قہقہے لگانا، نِگاہ، چُمکارنا، اعتراف، ایثار، توفیق، مُتاثر" لکھ دیں۔ اب کوئی لفظ بولیں، جس گروہ کے پاس اس لفظ پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آکر معانی والے کالم میں اس لفظ کا معانی لکھے گا۔ اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، ان کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- ایک کپ میں پانچ آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر پانچ مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر مشق میں پوچھے گئے پہلے پانچ سوالات لکھے ہوں۔ دوسرے کپ میں پانچ آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر چاروں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں نئے الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

ا۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| خوش گوار | | اعتراف | |
| قہقہے لگانا | | ایثار | |
| نِگاہ | | توفیق | |
| چُھکارنا | | متاثر | |

۲۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) ناصر کے روپے کیسے کھو گئے؟

______________________________

(ب) ناصر اُلٹے پاؤں کیوں گیا؟

______________________________

(ج) ساجِد نے ناصر کی مدد کیسے کی؟

______________________________

(د) دُکان دار نے ناصر اور ساجِد کو کیا دُعا دی؟

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: دیانت داری | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، گھنٹی، کتاب "اردو چہارم"، سوالات پر مبنی پرچیاں، سیٹیاں، جملوں کی پرچیاں، پلاسٹک کی تھیلیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ سبق "دیانت داری" سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک سیٹی دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔ ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو ایک بار سبق "دیانت داری" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم سبق سے متعلق درست جوابات کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ چار کارڈ لیں، جن پر چار ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل بیس کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب پر ✓ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 3 کے تحت دیئے گئے جملے لکھیں۔ اور متفرق بچوں سے ان کے صحیح اور غلط کی نشان دہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: دیانت داری | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔
لفظی گنتی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم" ، باجا، سوالات کی پرچیاں۔ گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ دیانت داری کی ضرورت واہمیت سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔ اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے ،وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق "دیانت داری" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق سنائیں گے / گی۔ انھوں نے نظم غور سے سنی ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔

- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سر گرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں کے ساتھ "پہیا گھماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔ کسی گتّے کی مدد سے یہ پہیا تیار کریں اور اس پر دس مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں۔
- ان ڈبوں کے اندر سوال نمبر 6 میں دیئے گئے 71 تا 80 اردو ہندسے لکھ دیں۔ خیال رکھیں کہ ایک ڈبے میں صرف ایک ہندسہ لکھا ہوا ہو۔
- جماعت میں سے مختلف بچوں کو بُلائیں اور ان سے پہیا گھُمانے کو کہیں۔ پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے، بچے سے بورڈ پر وہ ہندسہ اردو گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔ جیسے: 76 وہ لکھے گا "چھہتر"۔ اس طرح یہ سر گرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔
- درست سر گرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر 2 کالم بنا کر ایک میں ہندسی گنتی اور دوسرے میں لفظی گنتی لکھیں۔
- ہندسی گنتی والے کالم میں 71–80 لکھیں اور اس کے سامنے لفظی گنتی لکھیں اکہتر تا اسی۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) ایک ٹوکری 71 تا 80 لفظی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے کے لیے کہیں۔ جن ہندسوں کی پرچیاں ان کے پاس آئیں گی، ان بچوں سے ان ہندسوں کی لفظی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: دیانت داری | |

**مقاصد:** علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا صحیح استعمال کر سکیں۔
دیئے گئے اشاروں کی مدد سے کہانی مکمل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، چار ایسی تصاویر جن میں فاعل، فعل اور مفعول تینوں موجود ہوں لے کر انھیں درمیان میں سے کاٹ کر چار برابر حصوں میں تقسیم کیا ہو، چار سادہ شیٹیں، ٹیپ، تمام نامکمل جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری لیں۔ اس میں مختلف حروف جار کی پرچیاں بنا کر بند کر کے ڈال لیں۔ جماعت کے تین گروہ بنالیں اور ان کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ہر گروہ کے لیڈر کو ہدایت دیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے کوئی سی دو پرچیاں نکال لیں، ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں اور ان حروف کی مدد سے ایک ایک جملہ بنائیں۔ اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے ہوئے جملے بتانے کے لیے کہیں۔ درست جملے بتانے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب بورڈ پر چند جملے لکھ دیں ۔ جیسے:
- سارہ نے پودوں کو پانی دیا۔
- استاد نے بچوں کو سبق پڑھایا۔
- امی نے احمد کو نصیحت کی۔
- ثوبیہ نے کتاب پڑھی۔
- احمد نے مرغیوں کو دانہ ڈالا۔
- بورڈ پر لکھے اِن جملوں کی بچوں سے با آوازِ بلند پڑھائی کروائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ اِن تمام جملوں میں ایک چیز یکساں ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں وہ کیا ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں "نے" اور "کو" کو خط کشید کر دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِن جملوں میں وہ یکساں چیز "نے" اور "کو" کا استعمال ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم علامتِ فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" کے بارے میں پڑھیں گے۔ بچوں سے فاعل کی تعریف پوچھیں۔ ساتھ ساتھ فاعل کی تعریف بورڈ پر لکھ دیں۔

☆ فاعل: "کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں۔"

- اب بچوں کو علامتِ فاعل "نے" کے بارے میں بتائیں کہ یہ علامت فاعل یعنی کام کرنے والے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ علامتِ فاعل کی مزید تفہیم کے لیے بورڈ پر لکھے گئے جملوں کی وضاحت علامتِ فاعل کی ورشنی میں کریں۔

☆ ولید نے کہا کہ آج ہم چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں گے۔

- اس جملے میں حرف "نے" بتاتا ہے کہ ولید فاعل ہے۔
- بچوں سے مفعول کے بارے میں سوال کریں۔ ساتھ ساتھ مفعول کی تعریف بورڈ پر لکھ دیں۔

☆ مفعول: "جس اسم پر کوئی کام ہو رہا ہو، اُسے مفعول کہتے ہیں۔"

- اب بچوں کو علامتِ مفعول "کو" کے بارے میں بتائیں کہ یہ علامت، مفعول یعنی جس اسم پر کوئی کام ہو رہا ہو کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ علامتِ فاعل کی مزید تفہیم کے لیے بورڈ پر لکھے گئے جملوں کی وضاحت علامتِ فاعل کی روشنی میں کریں۔

☆ عائشہ کو بخار ہے۔

- اس جملے میں حرف "کو" بتاتا ہے کہ عائشہ مفعول ہے۔
- سوال نمبر 8 اور 9 میں دیے گئے تمام نامکمل جملے مختلف پرچیوں پر لکھ لیں۔ یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں رکھ دیں۔ بچوں کے 7 گروہ بنا دیں۔ یہ ٹوکری باری باری تمام گروہوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ اس میں سے کوئی سی بھی پرچی اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔
- اس دوران بورڈ پر سوال نمبر 8 اور 9 میں دیئے گئے جملے لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آ کر بورڈ پر وہ جملہ تلاش کر کے خالی جگہ میں درست علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" لگا کر جملہ مکمل کرے گا۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا کر انھیں سوال نمبر 11 میں دی گئی کہانی کا خاکہ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ خاکے کی مدد سے مل کر زبانی کہانی بنائیں، اس کے اخلاقی سبق پر آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ان کی بنائی ہوئی کہانی سنیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصر اًدہرائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر نامکمل جملے لکھ دیں، جن میں علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے جملے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) بچوں سے کہیں کہ علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" پر مبنی تین تین جملے اپنی کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

لائبریری سے اپنی پسندیدہ کتاب منتخب کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، سادہ شیٹیں، بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں، ٹوکری،

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق سے متعلق بچوں سوالات کریں۔ اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو لائبریری لے کر جائیں اور انہیں اپنی پسندیدہ کتابیں منتخب کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کو ہدایت کریں کہ اپنی بسندیدہ کہانی، نظم یا لطیفہ اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- سوال نمبر12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع "دیانت داری کیسا عمل ہے؟" لکھیں۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- ہر گروہ کو سادہ شیٹیں دیں اور انھیں موضوع سے متعلق آپس میں بات چیت کرنے اور باہمی مشاورت سے اس کا جواب شیٹوں پر لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی عنوان پر لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جانتے ہوں۔ الفاظ کا بہترین چناؤ کریں اور مختصر پیرائے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ اس طرح کہ تمام اہم معلومات کا احاطہ بھی ہو جائے اور تحریر بھی بوجھل نہ ہو۔

| |
|---|
| • اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری کا لکھا ہوا جواب سنیں۔ درست جوابات لکھنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) مختلف بچوں سے بورڈ پر دیانت داری پر چند جملے لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے | |

**مقاصد:** سبق کو درست تلفظ لَے، اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: نشانِ حیدر کن لوگوں کو دیا جاتا ہے؟
- نشانِ حیدر پانے والے کوئی سے تین شہداء کے نام بتائیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- سبق "شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں:
- "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنادیں۔ اب تین پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔

| |
|---|
| • سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔<br>• اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگرف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔<br>• جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔<br>• دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) پڑھائے گئے سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) بچوں سے کہیں کہ پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |